# 04-12-2024 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔اندراماں مکانات اسکیم کے تحت استفادہ کنندگان کے انتخاب میں شفافیت کو یقینی بنانے کے مقصد سے ریاستی حکومت نے ایک موبائل اپلی کیشن تیار کیا ہے۔

۲۔حکومت نے کہا ہے کہ گزشتہ پانچ سال کے دوران ملک بھر کے 60اضلاع میں بائیں بازو کی انتہاء پسند سرگرمیاں ختم ہوگئی ہیں۔

۳۔ریاستی حکومت کی جانب سے ریاست بھرمیں آبی سیاحت اوراڈونچراسپورٹس کوفروغ دیاجائے گا۔

۴۔تلنگانہ ہائی کورٹ نے وقارآباد میں سرکاری عہدیداروں پرحملہ کے معاملہ میں دائرکردہ کیس کوخارج کرنے سے متعلق بی آرایس کے سابق ایم ایل اے نریندرریڈی کی درخواست کومسترد کردیا ہے۔

○○

ملک کے تکنالوجی شعبہ میں ایک اہم پیشرفت ہوئی ہے جیسا کہ گوگل ایل ایل سی نے حیدرآباد میں گوگل سیفٹی انجینئرنگ سنٹر (جی ایس ای سی) قائم کرنے کا اعلان کیا ہے۔ یہ مرکز ایشیاء پیسفک علاقہ میں ٹوکیو کے بعداپنی نوعیت کا پہلا اورعالمی سطح پرپانچواں مرکز ہوگا۔جی ایس ای سی، سائبر سیکوریٹی کیلئے ایک بڑاعالمی مرکز بننے کے لئے تیارہے جوعصری تحقیق، اے آئی سے متعلق سیکوریٹی سیکوریٹی اوراختراعی آن لائن سیفٹی پروڈکٹس پر توجہ مرکوز کئے ہوئے ہیں۔توقع ہے کہ اس مرکز سے ہندوستان میں سائبرسیکوریٹی کی صلاحیتیں مزیدٹھوس ہوں گی اورروزگار کے بھی راست و بالراست ہزارہا مواقع پیدا ہوں گے۔ریاستی حکومت نے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کے رواں برس اگست میں گوگل کے گلوبل ہیڈکوارٹر کے دورہ کے موقع پراس مرکز کے لئے اپنی جانب سے ٹھوس نمائندگی کی تھی۔

○○

محکمہ انسدادِرشوت ستانی (اے سی بی) نے ایک اہم آپریشن کرتے ہوئے تلنگانہ بھرمیں آج آرٹی اے کے چک پوسٹس پراچانک دھاوے کئے۔یہ دھاوے بھورج چک پوسٹ عادل آباد، وشنوپورم چک پوسٹ نلگنڈہ اورعالم پور چک پوسٹ گدوال میں کئے گئے۔اِس کارروائی میں اے سی بی کی سات ٹیموں نے حصہ لیا۔اس آپریشن کے دوران جملہ 1.78 لاکھ روپے غیرمحسوب رقم ضبط کی گئی۔اس کے علاوہ عہدیداروں نے مذکورہ مقامات پرکئی باقاعدگیوں کوبھی بےنقاب کیا۔اے سی بی نے توثیق کی کہ اس سلسلہ میں حکومت کوایک تفصیلی رپورٹ پیش کی جائے گی۔

○○

ریاستی حکومت کی جانب سے ریاست بھرمیں آبی سیاحت اوراڈونچراسپورٹس کوفروغ دیاجائے گا۔سیاحت وثقافت کے وزیرجوپلی کرشناراؤ نے یہ اعلان کیا ہے۔انہوں نے آج حیدرآباد کے حسین ساگر میں واقع امراوتی بوٹنگ کلب میں نئے واٹراسپورٹس مرکز کا افتتاح کیا۔جوپلی نے اس موقع پرمحکمہ سیاحت کے صدرنشین رمیش ریڈی کے ہمراہ جٹ اسکائی رائیڈ بھی کی۔اِس موقع پرخطاب کرتے ہوئے وزیرنے تلنگانہ میں سیاحت کے بھرپورمواقع، یہاں کی خوبصورتی، پرانی مندریں، تاریخی عمارتوں اورآبی وسائل کا تذکرہ کیا۔انہوں نے پچھلی حکومتوں پرتنقید کرتے ہوئے کہا کہ سیاحت کونظرانداز کردیا گیااورحسین ساگر کے فروغ کے وعدوں کوبھی پورانہیں کیا گیا۔حسین ساگرآنے والے سیاح اب جٹ اسکائنگ، جٹ واٹررائیڈاورواٹررولس کے علاوہ کئی دیگرسرگرمیوں سے بھی لطف اندوزہوسکتے ہیں۔

○○

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے سابق چیف منسٹر روشیا کو آج ان کی تیسری برسی پر خراج پیش کیا۔ مادھوپور، حیدرآباد کے ایچ آئی سی سی میں منعقدہ ایک پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے ریونت ریڈی نے روشیا کی کی ڈسپلن، لیڈرشپ اور کئی دہائیوں پر مشتمل عوامی خدمات کی ستائش کی۔ انہوں نے بحثیت فینانس منسٹر روشیا کی خدمات کو بھی سراہا۔ وزیراعلیٰ نے مزید کہا کہ اپنی 50 سال سے زائد عوامی خدمات کے دوران روشیا نے وزیراعلیٰ، گورنر اور کئی دیگر عہدوں پر خدمات انجام دی۔ سی ایم نے ریاستی حکومت کی جانب سے حیدرآباد میں روشیا کا ایک مجسمہ نصب کرنے کا اعلان کیا جسے سماج کے لئے تحریک کی علامت قرار دیا۔

○○

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے آج ہائی ٹیک سٹی میں واقع کوٹلہ وجئے بھاسکر ریڈی بوٹانیکل گارڈن میں منعقدہ جنگلات کے پروگرام میں شرکت کی۔ یہ پروگرام پرجاپالنا، پرجاوجئے اتسوم تقاریب کے ایک حصہ کے طور پر ریاستی محکمہ جنگلات کی جانب سے منعقد کیا گیا۔ اس موقع پر ریونت ریڈی نے مختلف ترقیاتی کاموں کا سنگ بنیاد رکھا اور کئی ترقیاتی پروگراموں کا افتتاح کیال۔ اس کے علاوہ انہوں نے فاریسٹ اورا یکوٹوریزم ڈیولپمنٹ آفس کا بھی سنگ بنیاد رکھا اور بائیوڈائیورسٹی کے فروغ کے لئے شجرکاری مہم بھی شروع کی۔ سی ایم نے اس کے علاوہ ورچول طریقہ سے کوتہ گوڑم۔ پالونچہ ڈویژنل منیجر آفیس کمپلیکس اور ستوپلی ڈویژنل منیجر آفیس کمپلیکس کا بھی افتتاح کیا۔ اس کے علاوہ ورچول طریقہ سے ہی وائلڈ لائف سفاری اور اے آر۔ وی آر عمارت کا بھی افتتاح کیا۔

○○

ریاستی حکومت نے 15 اضلاع میں گھر گھر جامع خاندانی سروے کو صد فیصد مکمل کرتے ہوئے ایک اہم سنگ میل عبور کیا ہے۔ اس سروے کا مقصد سماج کے تمام طبقات کو حکومت کی جانب سے دی جانے والی سہولتوں سے یکساں طور پر فائدہ پہنچانا ہے۔ اس سروے کو ملک بھر میں ایک مثال مانا جارہا ہے۔ یہ سروے 6 نومبر کو شروع کیا گیا تھا اور اب تک ریاست بھر میں 94.9 فیصد گھروں کا احاطہ کیا جاچکا ہے۔ محض 27 دن کے دوران ایک کروڑ 10 لاکھ سے زائد خاندانوں کی تفصیلات جمع کی گئی ہیں۔ ریاست کے 33 اضلاع کے منجملہ 15 اضلاع بشمول ملگو، نارائن پیٹ، راجنا سرسلہ، جنگاؤں، کھمم، نلگنڈہ اور دیگر اضلاع میں کل تک صد فیصد سروے مکمل کرلیا گیا۔

○○

ریاستی گورنر جشنو دیو ورما نے مہیلا دکشتا سمیتی تعلیمی اداروں کا دورہ کیا۔ اِس موقع پر انہوں نے کہا کہ سمیتی کے اداروں سے دیہی لڑکیوں کی زندگیوں پر غیر معمولی اثرات مرتب ہورہے ہیں اور وہ تعلیم کے ذریعہ آگے بڑھ رہی ہیں۔ گورنر نے مزید کہا کہ اِس ادارہ کے مختلف اقدامات جیسے سومن نیلائم ہاسپٹل اور تعلیمی اداروں سے خود اعتمادی، خود مکتفی اور خود پر بھروسہ کرنے کا جذبہ ابھر رہا ہے۔

○○

تلنگانہ کے علاقہ ملگو میں آج صبح سات بجکر 27 منٹ پر 5.3 شدت کا زلزلہ آیا۔ زلزلہ کا مرکز قریب میں واقع میدارم تھا جبکہ اس کی گہرائی 40 کلو میٹر رہی۔ زلزلہ، حیدرآباد کے شمال مغربی علاقہ سے تقریباً 218 کلومیٹر کے فاصلہ پر جبکہ وجئے واڑہ سے 212 کلومیٹر کے فاصلہ پر ریکارڈ کیا گیا۔ زلزلہ کا اہم مرکز گوداوری فالٹ سسٹم رہا جبکہ اس علاقہ میں ماضی میں بھی کئی زلزلے آچکے ہیں۔ ریکٹر اسکیل پر زلزلہ کی پیائش 5.0 اور 6.9 کے درمیان ریکارڈ کی گئی۔

○○

حکومت نے کہا ہے کہ گزشتہ پانچ سال کے دوران ملک بھر کے 60 اضلاع میں بائیں بازو کی انتہاء پسند سرگرمیاں ختم ہوگئی ہیں۔راجیہ سبھا میں آج ایک تحریری جواب دیتے ہوئے مملکتی وزیر برائے داخلہ نتیا نند رائے نے کہا کہ قومی پالیسی اور ایکشن پلان کو نافذ کرنے سے انتہاء پسند سرگرمیوں میں کمی لانے میں مدد ملی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سال 2010ء کے مقابلہ میں بائیں بازو کی انتہاء پسند سرگرمیوں کے واقعات میں 73 فیصد کمی واقع ہوئی ہے۔

○○

تلنگانہ ہائی کورٹ نے آج بی آر ایس کے سابق ایم ایل اے پٹنم نریندر ریڈی کی اس درخواست کو خارج کر دیا جس میں اپیل کی گئی تھی کہ وقار آباد ضلع میں لگا چرلہ کے مقام پر سرکاری عہدیداروں پر حملے کے معاملہ میں ان کے خلاف دائر کردہ کیس کو برخواست کر دیا جائے۔ہائی کورٹ نے اس سلسلہ میں گزشتہ ہفتہ اپنا فیصلہ محفوظ رکھا تھا اور آج نریندر ریڈی کی درخواست کو خارج کر دیا۔جسٹس کے لکشمن نے تاہم ذیلی عدالت سے کہا کہ میرٹ کی اثاث پر بی آر ایس کے لیڈر کی درخواستِ ضمانت پر غور کیا جائے۔

○○

حیدرآباد ڈیزاسٹر ریسپانس اینڈ اسٹس پروٹیکشن ایجنسی، ہائیڈرا نے کہا ہے کہ اس کی جانب سے جنوری سے ہر پیر کو یوم شکایت متعارف کرایا جائے گا جس سے نالوں، کینالوں اور پارکس پر غیر مجاز قبضے جات جیسے عوامی مسائل پر غور وخوص کیا جائے گا۔آج جاری کردہ ایک بیان میں ہائیڈرا کے کمشنر رنگا ناتھ نے کہا کہ یہ سیشنس بدھا بھون میں منعقد ہوں گے جہاں شکایتوں کا ازالہ کرنے کے لئے سینئر عہدیدار موجود رہیں گے۔واضح رہے کہ ریاستی حکومت نے دفاتر، گاڑیوں کی خریدی اور دیگر کاموں کے لئے ہائیڈرا کو 50 کروڑ روپے بھی جاری کئے ہیں۔

○○

اندراماں مکانات اسکیم کے تحت استفادہ کنندگان کے انتخاب میں شفافیت کو یقینی بنانے کے مقصد سے ریاستی حکومت نے ایک موبائل ایپلی کیشن تیار کیا ہے۔ یہ ایپ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کل ایک پروگرام کے دوران جاری کریں گے۔اِس ایپ کے ذریعہ درخواست گزاروں کے مالی موقف، موجودہ مکان کی صورتحال، خاندانی تفصیلات اور تعمیر کے لئے زمین کی دستیابی جیسی تفصیلات حاصل کی جائیں گی۔اس کے علاوہ ہر موضع اور وارڈ میں اندراماں ہاوز کمیٹیاں قائم کی گئی ہیں۔اس اسکیم کے تحت ہر گھر کیلئے پانچ لاکھ روپے کی مالی امداد دی جائے گی۔ ریونیو کے وزیر سرینواس ریڈی نے آج ایک بیان میں کہا کہ اس اہم اسکیم کے لئے بنیادی سطح سے کام شروع کر دئے گئے ہیں۔پہلے مرحلہ میں اس سال پانچ لاکھ مکانات تعمیر کئے جائیں گے جبکہ ہر اسمبلی حلقہ میں ساڑھے تین ہزار تا چار ہزار مکانات مختص کئے جائیں گے۔